الیکشن کمیشن آف پاکستان

(شعبہ تعلقات عامہ)

پریس ریلیز

مورخہ 30 جنوری، 2017

الیکشن کمیشن آف پاکستان نے سینیٹ انتخابات کے سلسلے میں تعینات کئے گئے ریٹرننگ افسران اور پولنگ افسران کے لئے تین روزہ تربیتی ورکشاپ کا انعقاد کیا ہے۔

اس تربیتی ورکشاپ کا افتتاح آج مورخہ 30 جنوری 2018ء بروز منگل کو جناب چیف الیکشن کمشنر جسٹس سردار محمد رضا نے کیا۔ یہ ورکشاپ تین دنوں پر محیط ہوگی اور یکم فروری 2018ء تک جاری رہے گی۔

دوران تربیت 45 افسران کو سینیٹ انتخابات سے متعلق انتخابی قوانین اور قواعد مجریہ 2017 کے بارے میں تربیت دی جائیگی۔ ورکشاپ کا افتتاح کرتے ہوئے جناب چیف الیکشن کمشنر نے واضح کیا کہ قانون کے مطابق سینیٹ کے انتخابات ترجیحی ووٹ کی بنیاد پر منعقد کئے جاتے ہیں جس کی گنتی کا طریقہ کار مشکل اور توجہ طلب ہے۔ انہوں نے شرکاء ٹریننگ پر زور دیا کہ وہ اس ٹریننگ میں خصوصی دلچسپی لیں تاکہ سینیٹ انتخابات کے انعقاد کا مرحلہ قانون اور آئین کے مطابق مکمل کیا جاسکے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆